سوال

(140)جنازہ کوکندھادینے سے وضو کا ساقط ہوجانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاجنازہ کوکندھادینے سے وضوساقط ہوجاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بایں صورت وضوکرنا چاہیے ایک روایت میں ہے کہ جس نے میت کو نہلایا وہ خود نہالے اور جس نے اس کو کندھا دیا اُسے چاہیے کہ وضوبنالے ۔ گوائمہ نے حدیث ہذا کی صحت پر کلام کیا ہے ۔

لیکن امام ابن قیم رحمہ اللہ ''تہذیب السنن'' میں رقمطراز ہیں : کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کے گیارہ طُرق ہیں :

'وَبِهٰذِهِ الطُّرُقِ تَدُلُّ اَنَّ الحَدِيثَ مَحفُوظٌ ۔'

''اورکثرت طُرق اس بات کی دلیل ہے کہ حدیث محفوظ ہے ۔''

ابن القطان اورامام ابن حزم (رحمتہ اللہ علیہما) نے ''المحلّٰی'' میں اس کی تصحیح کی ہے ۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ ''تلخیص'' میں فرماتے ہیں کہ کم ازکم یہ حدیث حسن ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ :156